فارماکوپیا

قانون مفرد اعضاء

فارماکوپیا

عضلاتی مخاطی شدید: 1: (خشک سرد) آملہ 100 گرام، بلگری 50 گرام

دونوں ادویہ کو الگ الگ پیس کر ملا لیں

عضلاتی مخاطی ملیّن: 1: (خشک سرد) آملہ 100 گرام، ہلیلہ سیاہ 100 گرام، جب الآس 50 گرام، انجبار 50 گرام، سب ادویہ کو پیس کر ملا لیں

عضلاتی مخاطی مسہل: 1: (خشک سرد) ایک ملیّن میں سے دس گرام لے کر اس میں دس گرام ہریڑ جلاپہ شامل کر دیں، ایک گرام سے دو گرام تازہ پانی سے

عضلاتی مخاطی اکسیر: 1: (خشک سرد) (المعروف مفرح)

کشتہ شاخ مرجان در مکھن، کشتہ صدف در عرق گلاب، یشب صلایہ، زہر مہرہ خطائی صلایہ، کشتہ عقیق، کشتہ قلعی در بھنگ شورہ، سب دس دس گرام مغز کنول گٹہ پچاس گرام، طباشیر پچاس گرام، الائچی سفید پچاس گرام، چینی دوسو پچاس گرام، عرق گلاب ایک بوتل، تمام کشتہ جات کو عرق گلاب میں خوب کھرل کریں اور باقی ادویہ الگ الگ پیس کر اچھی طرح ملا لیں،

عضلاتی مخاطی تریاق:1: (خشک سرد) آملہ دوسو پچاس گرام سفوف کر کے اس میں پچاس گرام تیزاب گندھک ولائتی تام چینی یا پلاسٹک کے برتن میں ڈال کر آہنی سلائی کی مدد سے خوب ہلائیں، دوا کالی رنگت اختیار کر جائے گی، ایک رات پڑی رہنے دیں، اگر دوا نرم ہو یعنی گولی باندھنے کے لائق نہ ہو تو اس میں آملہ کا سفوف اور ملا لیں قوام درست ہونے پر نخودی گولیاں بنائیں، ایک گولی دن میں چار بار تازہ پانی سے دیں۔

عضلاتی قشری شدید:2 (خشک گرم)

دار چینی تیس گرام، لونگ بیس گرام، جاوتری دس گرام، سب ادویہ پیس کر ملا لیں

عضلاتی قشری ملیّن:2: (خشک گرم)

کچلہ مدبر ساٹھ گرام، دار چینی تیس گرام، لونگ بیس گرام، جاوتری دس گرام سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں، عمر کے مطابق نصف گرام سے ایک گرام تک قہوہ مذکورہ سے دیں۔

عضلاتی قشری مسہل :2 (خشک گرم) ملیّن میں سے ساٹھ گرام، مصبّر تیس گرام، شحم حنظل تیس گرام، ملا کر پیس لیں اور 0 نمبر کے کیپسول بھر لیں، رات کو سوتے وقت دو کیپسول تازہ پانی سے دیں۔

عضلاتی قشری اکسیر :2 (خشک گرم) شنگرف دس گرام، مالکنگنی پچاس گرام کچلہ مدبر پچاس گرام، لونگ تیس گرام، سب ادویہ الگ الگ پیس کر مویز کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں ایک سے دو گولیاں کھانے کے بعد لونگ دار چینی کے قہوے سے دن میں تین مرتبہ دیں۔

عضلاتی قشری تریاق :2 (خشک گرم) لونگ سو گرام، جاوتری پچاس گرام، پیس لیں اور اس کے اوپر تیس گرام تیزاب گندھک ڈال کر کسی آہنی سلائی سے ہلاتے رہیں جب سب کچھ یک جان ہو جائے تیار ہے نصف گرام دوا دار چینی کے قہوے میں ایک چمچ سرکہ ملا کر دیں۔

قشری عضلاتی شدید 3: (گرم خشک) اجوائین دیسی سو گرام، گندھک آملہ سار پچاس گرام پیس کر ملا لیں، ایک گرام دن میں تین دفعہ کھانے کے بعد تازہ پانی سے دیں۔

قشری عضلاتی ملیّن 3: (گرم خشک) اجوائن دیسی، گندھک آملہ سار، بانچھی سب برابر وزن پیس لیں، ایک گرام سے دو گرام تک دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد پانی سے دیں یا اجوائن پودینے کے قہوے سے دیں۔

قشری عضلاتی مسہل 3: (گرم خشک) سو گرام ملیّن 3 لے کر اس میں ایک گرام مغز جمالگوٹہ پیس کر ملا لیں، 0 نمبر کا کیپسول بھر کر رکھ لیں، بوقت ضرورت ایک سے دو کیپسول تک تازہ پانی سے دیں: جمالگوٹہ کو مدبر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

قشری عضلاتی اکسیر 3: (گرم خشک) پارہ ایک حصہ، گندھک آملہ سار سات حصہ۔

قشری عضلاتی تریاق:3: (گرم خشک) اجوائن دیسی دوسوگرام میں گندھک کا تیزاب چالیس گرام کسی پلاسٹک کے برتن میں ڈال کر آہنی سلائی سے ہلاتے رہیں جب دوا خوب حل ہو جائے تو اس کا رنگ کالا ہو جائے گا، تیار ہے، ایک گرام دن میں تین مرتبہ لونگ دارچینی یا اجوائن پودینے کے قہوے سے دیں۔

قشری اعصابی شدید:4: (گرم تر) زنجبیل پچاس گرام، نوشادر ٹھیکری تین گرام، فلفلسیاہ ایک گرام، سب ادویہ پیس کر ملا لیں

قشری اعصابی جدید:4: (گرم تر) ملٹھی، ہلدی، سونف سب برابر وزن

قشری اعصابی ملیّن:4: (گرم تر) زنجبیل پچاس گرام، نمک سیاہ پچیس گرام، فلفلسیاہ ایک گرام، ریوند خطائی چالیس گرام،، پودینہ خشک چالیس گرام،

قشری اعصابی مسہل:4: (گرم تر) سوگرام ملیّن میں دس گرام ریوند عصارہ پیس کر ملا لیں، 0 نمبر کیپسول بھر کر رکھ لیں

قشری اعصابی اکسیر :4: (گرم تر) ہڑتال ورقیہ دس گرام سرمہ ساں کر لیں اور یہ ادویہ الگ پیس کر اس میں اچھی طرح ملا لیں، زنجبیل پچاس گرام، الائچی خرد پچیس گرام، فلفلسیاہ تیس گرام، چینی ایک سو بیس گرام، نصف گرام دودھ گرم سے دیں۔

قشری اعصابی تریاق :4: (گرم تر) ہڑتال ورقیہ دس گرام سرمہ ساں کر کے اس میں دس تولہ پیپلا مول کا کپڑ چھان کیا ہوا سفوف ملا دیں، نصف گرام دودھ میں شہد ملا کر دیں۔

اعصابی قشری شدید :5: (تر گرم) ملٹھی اور سہاگہ سفید برابر وزن ملا کر پیس لیں، ایک سے دو گرام دن میں چار مرتبہ دودھ گرم سے دیں۔

اعصابی قشری ملیّن :5: (تر گرم) سہاگہ سفید سو گرام، ملٹھی سو گرام، ریوند خطائی ایک سو تیس گرام سب ادویہ پیس لیں، ایک سے دو گرام کھانے کے بعد دن میں تین مرتبہ نیم گرم دودھ سے دیں۔

اعصابی قشری مسہل :5: (تر گرم) ملیّن میں سے پچاس گرام لے کر اس میں دس گرام ریوند عصارہ نہایت باریک پیس کر اچھی طرح ملا لیں، ایک سے ڈیڑھ گرام رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ سے دیں۔

اعصابی قشری اکسیر :5: (تر گرم) حجر الیہود ادس گرام، نوشادر ٹھیکری دس گرام، الائچی خرد دس گرام، کہرباء شمعی دس گرام، چینی پچاس گرام، سب ادویہ کو سرمہ ساں کر کے محفوظ کر لیں، ایک گرام دن میں چار دفعہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد نیم گرم دودھ سے دیں۔

اعصابی قشری تریاق :5: (تر گرم) ہلدی، ملٹھی، سہاگہ سفید ہر ایک پچاس گرام پیس کر اس میں دس گرام شیر مدار اچھی طرح ملا لیں، نصف سے ایک گرام نیم گرم دودھ سے دن میں چار دفعہ دیں۔

اعصابی مخاطی شدید :6: (تر سرد) قلمی شورہ سو گرام، سوڈا خوردنی پچاس گرام، جوکھار پچیس گرام، سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں

اعصابی مخاطی ملیّن: 6: (تر سرد) تخم کاسنی ایک کلو، سوڈا خوردنی آدھا کلو، اول الذکر دوا پیس کر ثانی الذکر کو چھان کر اس میں ملا لیں، تین گرام دوا دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد پانی سے دیں۔

اعصابی مخاطی مسہل: 6: (تر سرد) ملیّن میں سے پچاس گرام لے کر اس میں دس گرام سقمونیا ولائتی الگ پیس کر ملا لیں، ایک گرام رات کو تازہ پانی سے دیں۔

اعصابی مخاطی اکسیر: 6: (تر سرد) کشتہ مرجان مکھن والا، برادہ چاندی یا ورق چاندی دونوں دس دس گرام لے کر کھرل کریں جب چمک ختم ہو جائے تو اس میں آب گلہر دس تولہ کھرل کے ذریعے جذب کریں، قوام درست ہونے پر چونّی برابر اتنی ہی موٹی ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں، اب ایک کوزہ گلی میں رکھیں اور ہوا سے بچا کر ڈیڑھ کلو اپلوں کی آگ دیں، آگ سرد ہونے پر نکال لیں، ہلکے سرمئی رنگ کا کشتہ برآمد ہو گا، سرمہ ساں کر کے رکھ لیں، دو تا چار چاول سردیوں میں نیم گرم دودھ سے اور گرمیوں میں دودھ سوڈے سے دیں۔

اعصابی مخاطی تریاق :6: (تر سرد)

چھلکا ریٹھا پچاس گرام، کافور دس گرام، دونوں ادویہ کو عرق گلاب میں کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں باندھ لیں، بوقت ضرورت ایک تا دو گولی کچی لسی یا شربت بزوری بارد سے دیں۔

مخاطی اعصابی شدید :7: (سردتر) تودری سفید پچاس گرام، موصلی سفید بیس گرام، ملا کر پیس لیں،

مخاطی اعصابی ملیّن :7: (سردتر)

تودری سرخ، تودری سفید، بہمن سرخ، بہمن سفید، موصلی سفید، سب بیس بیس گرام، تخم کاہو، خرفہ سیاہ پچاس پچاس گرام، کالا دانہ (عشق پیچہ) سو گرام، سب ادویہ صاف کر کے پیس لیں، دو گرام سے تین گرام دوا تازہ پانی یا نیم گرم دودھ سے دیں۔

مخاطی اعصابی مسہل :7: (سردتر) پچاس گرام دوا مذکورہ بالا میں دس گرام سقمونیا ولائتی الگ پیس کر ملا دیں:

مخاطی اعصابی اکسیر :7: (سردتر) کشتہ شاخ مرجان پانچ سوملی گرام، ایک چمچ مکھن سے صبح شام خالی معدہ دیں۔

مخاطی اعصابی تریاق :7: (سردتر)

لوبان کوڑیا دس گرام، چینی دس گرام، شمع (افیون) ایک گرام، سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں،

مخاطی عضلاتی محرک :8: (سردخشک)

صندل سفید پچاس گرام، کافور دس گرام، الگ الگ پیس کر ملا لیں

مخاطی عضلاتی شدید :8: (سردخشک) صندل سفید پچاس گرام، ریشہ خطمی

سو گرام، دونوں ادویہ کو باریک پیس لیں

مخاطی عضلاتی ملیّن :8: (سردخشک)

ریشہ خطمی دوسو گرام، نرلی سوختہ سو گرام، کاپھل سو گرام، صندل سفید پچاس گرام،
اجوائن خراسانی پچاس گرام، سب ادویہ پیس لیں

مخاطی عضلاتی مسہل :8:

ملین اور ہریڑ جلا پا برابر وزن پیس کر رکھ لیں۔

مخاطی عضلاتی اکسیر:8:

کشتہ عقیق، کشتہ قلعی، کشتہ چاندی الائچی خرد سب دس دس گرام، طباشیر بانسی تیس گرام، تمام ادویہ پیس کر ملا لیں، نصف گرام صبح شام خالی معدہ مربہ آملہ سے دیں۔

ہاضم ۸۱-H.81

ہلیلہ زرد، بلیلہ، نارنج، اجوائن خراسانی سب سوسو گرام، امچور، اناردانہ دودوسو گرام، ٹاٹری پچاس گرام سب ادویہ پیس کر ملا لیں

ہاضم ۲۳-H.23

سوئے میتھرے، رائی، اجوائن دیسی، پودینہ خشک دودوسو گرام، نوشادر ٹھیکری، اسارون تیزپات سوسو گرام، سب ادویہ پیس کر ملا لیں

ہاضم ۴۵:H.45

نمک سیاہ، پیپتہ، زنجبیل، بادیان، سب ڈھائی ڈھائی سو گرام، فلفلدراز، فلفلسیاہ، سوڈا خوردنی انجیر، زرنباد، سب سوسو گرام، الائچی خرد بیس گرام، سب ادویہ کو باریک پیس لیں، ایک سے تین گرام تازہ پانی سے دیں۔

ہاضم H.67:٦٧

زیرہ سفید، تخم کاسنی، سوڈا خوردنی، ایک ایک کلو، گل نیلوفر، گل گلاب ایرانی ڈنڈی دور کردہ آدھا آدھا کلو، کشنیز چار سو گرام، قلمی شورہ ڈھائی سو گرام، جوکھار ڈھائی سو گرام

آر۔ا۔R.1

گیری انڈیا، کشنیز، صندل سفید، سورنجاں شیریں، کیفین، فناسٹین، اسپرین، چینی سب ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں، ایک گرام دن میں تین مرتبہ تازہ پانی یا چائے سے

آر۔۲۔R.2

زنجبیل، گیری، نوشادر ٹھیکری سو سو گرام، فلفل سیاہ، دھتورہ سیاہ بیس بیس گرام، سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں، نصف گرام دوا تازہ پانی سے کھانے کے بعد دیں۔

آر۔۳۔R.3

ہیرا کسیس، قلمی شورہ، پھٹکڑی سفید، سب آدھا آدھا کلو لے کر جوکوب کر لیں ایک کوزہ گلی میں رکھ کر سر پوش دے کر سات کلو اپلے تول کر آگ دیں، ہوا نہ لگے،

آر۔۴۔R.4 مزاج اس کا عضلاتی مخاطی ۔ پھٹکڑی سفید، گیری انڈیا، سنگ جراح تینوں ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں، ایک گرام دوا دن میں تین مرتبہ

ملیّن :45:

زنجبیل، فلفل سیاہ، نمک سیاہ، نوشادر ٹھیکری، اسطوخودوس، پپلا مول دس دس گرام،
سہاگہ سفید، سورنجاں شیریں، سورنجاں تلخ، بیس بیس گرام، برگ مدار، سوڈا خوردنی
تیں تیس گرام، ہلدی، ریوند خطائی، ساٹھ ساٹھ گرام، سونف، زیرہ سفید، پودینہ تیس
تیں گرام، سب ادویہ صاف کر کے پیس لیں، دو سے تین گرام دوا دن میں تین مرتبہ

ملیّن :81:

مغز کرنجوا، اجوائن خراسانی، تخم دھتورہ سیاہ، پتری فولاد، کشتہ صدف، بلگری، تج سک،
موصلی سیمبھل، سب دس دس گرام، پھٹکوی سرخ سوختہ، تخم حرمل، گڑمار، بیس بیس گرام،
ہلیلہ سیاہ، آملہ، اذراقی ساٹھ ساٹھ گرام سب ادویہ پیس لیں

ملیّن :67:

تخم ریحاں، تخم بھنگ، کشنیز، جوکھار، گل کیسو، گل نیلوفر، تخم کاسنی، شکر تیغال، تخم کاہو، تخم
خرفہ سیاہ، سب دس دس گرام، قلمی شورہ تیس گرام، بہمنین، تودرین، پھٹکوی سفید، بیس
بیس گرام، کالادانہ (عشق پیچہ) ساٹھ گرام، آخرالذکر کو اچھی طرح سے صاف کر لیں
کیونکہ اس میں بہت بڑے بڑے پتھر ہوتے ہیں، اور سب ادویہ پیس لیں

ملیّن :23:

بابچی، اجوائن دیسی، گندھک آملہ سار سب پچاس پچاس گرام، دار چینی تیس گرام، جاوتری بیس گرام، لونگ دس گرام، سب ادویہ کو صاف کر کے پیس لیں

تریاق ۴۵۔ T.45

ہلدی دوسو گرام، برگ مدار دوسو گرام، سہاگہ سفید سو گرام، سوڈا خوردنی سو گرام، سب ادویہ پیس لیں،

تریاق ۲۳۔ T.23

اجوائن دیسی دوسو گرام، تیزاب گندھک پچاس گرام، کسی چینی کے پیالے میں ڈال کر ڈال کر آہنی سلائی سے ہلاتے رہیں، جب دوا سیاہ ہو جائے تو تیار ہے

تریاق ۸۱۔ T.81

ترپھلہ دوسو گرام لے کر اس پر کسی چینی کے پیالے میں رکھ کر پچاس گرام تیزاب گندھک ڈالیں، کسی آہنی سلائی سے ہلاتے رہیں، جب دوا کا رنگ سیاہ ہو جائے سنبھال کر رکھ لیں، نصف گرام دوا دن میں چار مرتبہ پانی کے ساتھ کھانے کے بعد کھلائیں۔

تریاق ۶۷ ۔ T.67

اسرول دس گرام، فلفل سیاہ بیس گرام، ریوند چینی چالیس گرام، زیرہ سفید، صندل سفید، کشنیز، بپس بیس گرام، مٹھا تیلیہ نصف گرام، ورق چاندی بڑی دفتری، مٹھا تیلیہ الگ اچھی طرح سے پیس کر سرمہ ساں کر لیں، باقی کی ادویہ الگ پیس کر آخر میں ورق چاندی چینی بیس گرام میں کھرل کر کے اچھی طرح ملا لیں۔

تخم کاسنی ایک کلو پیس لیں، اور اس میں مذکورہ دوا ایک سو بیس گرام ملا لیں بس تریاق تیار ہے

مغلّظ

لاجونتی ایک کلو، تخم اوٹنگن آدھا کلو، گل بنفشہ پاؤ، الائچی سفید دو تولہ، چینی یا کوزہ مصری ایک کلو پیس لیں، تین سے سات گرام دوا نیم گرم دودھ یا لسی سے کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے دن میں دو بار استعمال کرائیں۔

حبّ بندق

چھلکا ریٹھہ لے کر مشین سے تین تین رتی (375 ملی گرام) کی گولیاں بنوالیں..

یاقوتی

کشتہ مروارید، کشتہ یشب، کشتہ چاندی، کشتہ صدف مروارید، کشتہ قلعی، کشتہ مرجان در مکھن، جواہر مہرہ خطائی سب دس دس گرام، کشتہ زمرد، کشتہ یاقوت پانچ پانچ گرام، سب کشتہ جات کو روح گلاب ایک بوتل، روح بید مشک ایک بوتل میں کھرل کرلیں، شربت انجبار بیس گرام میں عرق بید مشک پچاس گرام ملا کر، اس سے دوسو ملی گرام یاقوتی صبح شام خلوئے معدہ دیں.

قشری اعصابی مصفی:

چھلکا ریٹھہ، گندھک آملہ سار، ہلدی

سب ادویہ برابر وزن پیس کر رکھ لیں، ایک گرام تازہ پانی سے دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد دیں۔

قشری عضلاتی مصفی

گندھک آملہ سار، باپچی، کالی زیری

سب ادویہ برابر وزن پیس لیں، ایک گرام دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

عضلاتی مخاطی مصفی

مغز تخم نیم، رسونت، گوند ببول

سب ادویہ برابر وزن پیس کر بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، دودو گولیاں دن میں تین سے چار مرتبہ تیس باداموں کی پھیکی سردائی سے یا فقط پانی سے دیں۔

قروح معدہ...Qm

کشتہ سنگ جراح سو گرام، پھٹکری سفید خام پچاس گرام

دونوں ادویہ کو الگ الگ پیس کر ملالیں اور مضبوط کارک والی شیشی میں سنبھال کر رکھ لیں، بوقت ضرورت نصف گرام صبح نہار منہ ایک کپ نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں، پون گھنٹہ بعد ناشتہ کرائیں، اگر مریض کی حالت زیادہ خراب ہو تو دن میں تین مرتبہ بھی استعمل کرائی جاسکتی ہے لیکن ہر مرتبہ خلوئے معدہ ہی استعمل کرانی ہے۔

سفوف صحت

زرد چوب (ہلدی) زیرہ سفید، سوڈا خوردنی کلوکلو، زنجبیل، نمک سیاہ ڈھائی سو گرام، فلفل سیاہ سو گرام، سب ادویہ پیس لیں، ایک سے تین گرام دن میں تین مرتبہ

اکسیر قلب

چاروں اجوائن، نمک سیاہ، پچاس پچاس گرام، ہیرا ہینگ دس گرام

درج اولیٰ ادویہ پیس کر حسب ضرورت آب گھیکوار میں کھرل کریں کہ گولیاں باندھنے کے قابل ہو جائے، بڑے چنے برابر گولیاں بنا کر خشک کر لیں، ایک سے دو گولیاں کھانے کے بعد تازہ پانی یا ماء العسل (شہد ملا پانی) سے تین مرتبہ دن میں دیں۔

حب بواسیر

پوست بندق ہندی (چھلکا ریٹھہ) پانچ کلو، گندھک آملہ سار ایک کلو

دونوں ادویہ پیس کر مشین سے گیارہ نمبر (نصف گرام) کی گولیاں بنوالیں، دن میں چار مرتبہ ایک سے دو گولی گرم دودھ سے دیں۔

تریاق قلب زعفرانی

زعفران خالص تین گرام، اجوائن دیسی تیس گرام، آب لہسن دو سو گرام

جریانول

سمندر سوکھ چار سو گرام، تالمکھانہ تین سو گرام، تخم اوٹنگن تین سو گرام سب ادویہ پیس کر ملالیں،

امروسیا

قلمی شورہ ڈھائی سو گرام کی بجائے اب ہم نے دوگنا (پانچ سو گرام) کر دیا ہے جس سے نتائج بہت بہتر ہو گئے ہیں، سہاگہ سفید، جوا کھار، نوشادر ٹھیکری، سنگ یہود، بلادر سو سو گرام۔

ترکیب تیاری: نوشادر، سہاگہ، جوا کھار، کو الگ الگ کھرل کر لیں، سنگ یہود کو اتنا کھرل کریں کہ رڑک نہ رہے، سب سے پہلے قلمی شورہ کو ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں، آگ درمیانی رکھیں، قلمی شورہ پگھل جانے پر پسی ہوئی ادویہ تھوڑی تھوڑی کر کے ڈالتے اور کسی بڑے چمچے وغیرہ سے ہلاتے جائیں، ذرا تیزی سے ہلانا ہے، یہ گاڑھی سی لئی کی شکل اختیار کرتا جائے گا، اب سنگ یہود تھوڑا تھوڑا کر کے ڈالتے جائیں، جب یہ دوائیں خشک ہو جائیں آگ سے اتار کر باریک پیس لیں، ان کا کل وزن چھ سو گرام ہوگا، اس میں سے تین سو گرام کڑاہی میں ڈال کر پھیلا لیں اور دبا کر اس کے اوپر سو گرام بلادر (بھلانواں) اکیلے اکیلے چن کر باقی کی دوا جو تین سو گرام بچی تھی اس کے اوپر ڈال کر اچھی طرح دبا دیں اور کڑاہی کے نیچے تیز آگ جلا دیں، خیال رہے کہ اس کا دھواں نہ تو جسم کے کسی حصہ پر لگے اور نہ ہی آنکھوں میں گھسنے دیں ورنہ آنکھیں اندھی اور جسم ورم کر جائے گا، دور کھڑے ہو کر دیکھتے رہیں جب سب کچھ جل جائے اور دھواں نکلنا بند ہو جائے، احتیاط سے آگ بند کر دیں، آپ دیکھیں گے کہ جہاں جہاں بلادر پڑے تھے وہاں کالے کالے سوراخ ہو جائیں گے، اس ساری دوا کو دابو سمیت باریک پیس لیں

مغلّظ: تخم ریحاں، تخم بھنگ، سلارا، سمندر سوکھ، بیج بند، ہر ایک دس گرام، کشتہ قلعی کشتہ نقرہ تین تین گرام، سب ادویہ پیس کر کشتہ جات ملا لیں۔

ادراری

قلمی شورہ، سوڈا خوردنی، سہاگہ سفید

تمام ادویہ پیس لیں، دو گرام دوا کھانے کے بعد شربت بزوری بارد، کچی لسی، یا عرق خربوزہ بیس گرام میں پانی ملا کر دیں، یا تازہ پانی ایک گلاس سے دیدیں۔

اعصابی مخاطی ملیّن نیا (6N)

تخم کاسنی کلو، کشنیز ۲/۱کلو، تخم خرفہ سیاہ ۲/۱کلو، تخم کاہو ۲/۱کلو، گل نیلوفر ۲/۱کلو، قلمی شورہ ۲/۱کلو، گل گیسو ۴/۱کلو۔

ایم سی :MC

تخم کاسنی کلو، زیرہ سفید کلو، گل نیلوفر ۲/۱کلو، گل گلاب ۲/۱کلو، کشنیز ۴/۱کلو

سب دوائیں اچھی طرح صاف کر لیں اور پیس لیں، پانچ گرام دوا کھانے کے بعد پانی سے یا شربت بزوری بارد سے تین مرتبہ دن میں کھلائیں۔

جنزل ٹانک :GT

ترپھلہ دوکلو، سنڈھ، پتری فولا داعلیٰ ہر ایک ڈھائی سوگرام، کالی مرچ، لونگ ہر ایک سو گرام. سب ادویہ باریک سفوف کرلیں. دو گرام دوا ہر کھانے کے بعد دودھ سے دیں۔

محلل اورام

ریوند خطائی کلو، سونف، ہلدی، ملٹھی ہر ایک تین سو گرام، شیر مدار سو گرام

شیر مدار کے علاوہ تمام دوائیں پیس لیں آخر میں شیر مدار ملا کر ہاتھوں سے اچھی طرح مسل ڈالیں، دھوپ میں دوا خشک کرلیں، ایک گرام (11 نمبر) کی گولیاں بنوالیں، دو دو گولیاں دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دیں۔

سی فور :C/4

کالی مرچ نصف کلو، اجوائن دیسی، کچور، سوئے، ہر ایک ڈھائی سو گرام، نوشادر ٹھیکری سو گرام.... تمام دوائیں پیس لیں.

Medicines Combinations

No1	ایچ67+مفرح	1+5	گھبراہٹ، بے چینی، شریانوں کا صفراء کی وجہ سے سکیڑ خواہ کہیں بھی ہو، دمہ قلبی، خونی دمہ ہے، اگر خاطر خواہ فائدہ نہ ہو یا مریض بدپرہیز ہو تو T5 ساتھ شامل کریں
No2	ایچ67+پانچ ملتین	1+5	معدے اور آنتوں کی سوزش، قشری بواسیر کا پہلا درجہ، جلن بول، جلن کف وپا،
Hsj	ایچ67+چار جدید	1+2	معدے آنتوں کی سوزش، معدے آنتوں کا السر، جلن معدہ وامعاء و مری، گلے کی سوزش، قشری کینسر، قشری چنبل، جہاں کچھ سمجھ میں نہ آئے آنکھ بند کر کے دے دیں
Hss	ایچ67+سنوف صحت	1+4	جب Hsj سے بھی گیس ٹھیک نہ ہو تو دیں
Dsg	ایچ Ds+Ss+67	1+2+4	جب نبض میں مخاطی یا عضلاتی مادہ کی شرکت سے گیس ہو تو دیں، ضعف اشتہا، بلڈ پریشر لو میں اسے نہ بھولیں، لیکن عارضی ہے سبب ڈھونڈھ کر مکمل علاج کریں
Mcm	Mc+مفرح	1+5	بلڈ پریشر کے مریضوں میں جب دل بڑھا ہوا ہو، گھبراہٹ ہوتی ہو تو دیں، دل کی ساخت کے اندر کا سٹینوسس، اگر مریض بدپرہیز ہو تو ساتھ T5 دیں،
Amm	مفرح+دارچینی	1+1	بلڈ پریشر لو ہو تو اسے کبھی نہ بھولیں، اگر متوقع نتائج نہ ملیں تو اس کے ساتھ Trip+81M+Gt+2Maqawwe دے سکتے ہیں
Mfr	مفرح	اکسیر 1	بچوں کے دانت نکلنے کے زمانہ کے بیچس، گھبراہٹ، بے چینی، بہت سی امراض میں مددگار دوا ہے، قوت مدافعت کو بڑھاتی ہے، تمام صفراوی امراض میں واحد دوا
Gnt	جریانول+تریاق احتلام	1+10	مغلظ ہے، سپرم، جب احتلام قابو میں نہ آئے بوجہ رقت، کثرت صفراء تو دیں، اگر مریض کا معدہ بھاری رہے اسے قبول نہ کرے تو اس کے ساتھ دو پیپر کر کوئی بھی ہاضم دیں
H Self	ایچ سیلف (شوگر)		قشری عضلاتی شوگر (بلڈ شوگر) دوسرے درجہ میں دو دو گولیاں
Trip	تریھلہ		ضعف عضلات کی مددگار دوا کے طور پر R3g کے ساتھ، No1 کے ساتھ، جب مریض مطمئن نہ ہو تو دوا کی مقدار بڑھانے کیلئے
R3g	آرتھری+مفرح+No1	1+1	جریان اور لیکوریا کیلئے ننانوے فیصد کامیاب دوا
3 In 1	ایچ W1+5M+67	برابروزن	قشری قبض کیلئے، ساتھ ہی آنتوں کی سوزش اتارنے کیلئے
4 In 1	W1+M4	برابروزن	عضلاتی قبض دور کرتی ہے، آنتوں کی خشکی دور کر کے غدد نا قلہ کھول کر قبض دور کرتی ہے
Mz	مغلظ جدید		حونیات منویہ کو بڑھانے کیلئے جریانول اور یہ باری باری دیں تاکہ معدہ ایک ہی قسم کی دوا کا عادی نہ ہو جائے
Mzs	مغلظ سرس		مغلظ ہے، سرعت، رقت کا خاتمہ کرتا ہے اور منی کو غلیظ کرتا ہے اس لئے حونیات منویہ بڑھ جاتے ہیں